جناب سپیکر: Thank you very much, thank you very much. یہی بات تو فضل حکیم صاحب، یہی بات تو اپوزیشن کر رہی ہے کہ We are insecure اور آپ بھی وہی بات کر رہے

ہیں، حکومت کی طرف سے کوئی یہ بتائے کہ یہ Obnoxious کالیں کون کرتا ہے اور حکومت ان کو روکنے کے کیا اقدامات کرنا چاہتی ہے؟ اگر وہ جو بات وہ کر رہے ہیں وہی آپ بھی کر رہے ہیں تو پھر ایک ہی بات ہو گئی ساری، تو گورنمنٹ سے ہم یہ سننا چاہتے ہیں کہ بھئی اب یہ کرتا ہے کون ہے؟ کیا آپ کے کنٹرول میں نہیں ہے یا ہے یا کیا وجوہات ہیں یا کون لوگ ہیں جو ایسے کام کرتے ہیں؟ پہلے، ایک منٹ بیٹھیں، بابر سلیم صاحب، پہلے شاہ محمد وزیر صاحب بات کر لیں پھر آپ Windup کر لیں، ذرا Short please, Minister for Transport, please.

جناب شاہ محمد خان (وزیر ٹرانسپورٹ): شکریہ جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بعد میں ٹائم دوں گا، یہ پوائنٹ ختم کر لیں، اس پہ بہت بات ہو گئی اختیار ولی صاحب، کوئی اور پوائنٹ آف آرڈر لے کر، اس پہ کر لیں چلیں۔

وزیر ٹرانسپورٹ: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ پختون یار خان نے جو بات کی، میر علی میں جو واقعہ ہوا ہے، بنوں کے تین جوانوں کو بڑی بے دردی سے شہید کیا گیا ہے، اس سے پہلے بنوں کی چار خواتین کو میر علی میں قتل کیا گیا، اس سے پہلے Medical Reps کو قتل کیا گیا، ہمیں یہ پتہ نہیں چلتا ہے کہ یہ کون لوگ ہیں؟ ہمارا پہلا مطالبہ، چونکہ بنوں کے عوام نکلے ہیں، بنوں سراپا احتجاج ہے، ہم بنوں کے عوام کے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اپوزیشن یہی چاہتی ہے ناں کہ بتائیں کہ یہ کون لوگ ہیں؟

وزیر ٹرانسپورٹ: یہ اس کے لئے ایک Free, fair, transparent committee بنانی چاہیئے، انکوائری مقرر کرنی چاہیئے کہ وہ یہ بتا ئیں کہ یہ کون لوگ ہیں؟ اور بنوں کے عوام کے ساتھ ہم شامل ہیں اس ہمدردی میں، ہمارے تین بندے دلدار شاہ، رغبت اللہ اور ہارون۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ کون تھا؟

وزیر ٹرانسپورٹ: جناب سپیکر صاحب، اس کے لئے ایک کمیٹی مقرر کرنی چاہیئے، تمام پارلیمانی جو لیڈرز ہیں اور اس کے لئے ایک لائحہ عمل ہونا چاہیئے، اس کے لئے اپوزیشن کو بھی ہم ساتھ لے کر چلیں گے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔

وزیر ٹرانسپورٹ: ان شاء اللہ تمام پارلیمانی لیڈرز کو اعتماد میں لیں گے اور ایک مشترکہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نگہت پلیز، جی۔

وزیر ٹرانسپورٹ: ایک مشترکہ قدم اٹھائیں گے، چونکہ یہ صوبے کے مفاد کی بات ہے، یہ کوئی سیاسی مسئلہ نہیں ہے۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Thank you.

وزیر ٹرانسپورٹ: اور صوبائی حکومت اپنی ذمہ داری سے غافل نہیں ہے۔

جناب سپیکر: یہ ہوئی نا بات۔ بابر سلیم صاحب، آپ سے ہم Comprehensive جواب کی توقع رکھتے ہیں، You are Interior Minister تاکہ اپوزیشن نے جو الزامات لگائے ہیں یا جو بھی کہا ہے، آپ اس کا جواب دیں۔ جی بابر سلیم سواتی صاحب، گورنمنٹ کو آپ نے Defend کرنا ہے، تو بتائیں۔

جناب بابر سلیم سواتی (مشیر داخلہ): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر جناب، نگہت اورکزئی صاحبہ، خوشدل خان اور سردار حسین بابک صاحب، ان کی تقریباً ایک بات تھی، بدامنی لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال، جو شہادتیں ہو رہی ہیں، جو لوگوں کو ٹیلی فون کالز آ رہی ہیں، جو دھمکیاں آ رہی ہیں۔ اور جو بات کی پختون یار نے، یہ تھوڑی سی اس سے مختلف ہے، تو اس کو میں علیٰحدہ Tackle کرتا ہوں اور اس بات کا جواب علیٰحدہ دیتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی۔

مشیر داخلہ: جناب سپیکر صاحب، اس وقت ہم دیکھتے ہیں کہ صوبے کے اندر پچھلے دس مہینوں میں میرے سو سے زائد پولیس کے جوانوں کی شہادت ہو چکی ہے، یہ ضرور ہمارا بڑا نقصان ہے مگر یہ اس بات کی غمازی ہے کہ میرے ڈیپارٹمنٹس دن اور رات اپنے عوام کی حفاظت کے لئے اپنی جانیں قربان کر رہے ہیں، اس کا مطلب ہم جاگ رہے ہیں، ہم سوئے ہوئے قطعاً نہیں ہیں، میرے پاس پوری ایک Detailed figures ہیں کہ پچھلے دس ماہ کے دوران کتنے دہشت گرد ہم نے گرفتار کئے ہیں؟ ایک دو چیزیں میں پڑھ لیتا ہوں، باقی اگر معزز ممبران چاہیں تو میں ڈیٹیلز ان کو Provide کر دوں گا۔ پچھلے دس ماہ کے دوران ہم نے پانچ سو چالیس (540) کے قریب دہشت گرد گرفتار کئے ہیں اور ایک سو اکتالیس (141) دہشت گرد اور اشتہاری ملزمان پولیس مقابلوں میں مارے گئے، جن میں بیالیس (42) ایسے دہشت گرد بھی تھے جن کے سروں کے اوپر قیمت مقرر تھی اور اٹھاسی (88) پولیس افسران اور جوانوں نے اور جبکہ ایک سو نو (109) اہلکار ہمارے زخمی ہوئے، یہ بڑی لمبی آگے یہ فہرست ہے جناب سپیکر، اس کی ڈیٹیل میں نہیں جاؤں گا مگر یہ دو چیزیں اس لئے آپ کے سامنے رکھی ہیں کہ آپ کو اندازہ ہو کہ ہمارا ڈیپارٹمنٹ کلیتاً جاگ رہا ہے اور اپنے عوام کی حفاظت کے لئے دن رات وہ کام کر رہا ہے؟ اب یہ جو قصہ ہے ناں جی، یہ

توEarly (19)80s میں شروع ہوا جب جناب ضیاء صاحب مرحوم کے دور میں Afghan war شروع ہوئی، اس وقت جہاد افغانستان تک جیسے Charlie Wilson War کہا گیا اور Charlie Wilson کی اس پہ بڑی فلمیں بھی بنیں اور بڑی کتابیں بھی چھپی ہیں، جب آپ کسی بھی دوسرے ملک کی پالیٹکس کے اندر اور جنگ کے اندر Engage ہو جاتے ہیں تو پھر اس کے اثرات Directly آپ کے اوپر آتے ہیں، آپ نے تقریباً تیس چالیس لاکھ افغان مہاجرین کو اپنے ملک میں پناہ دی اور آپ Directly ان کی War میں Involve ہو گئے۔ وہ وقت کسی کو بھولا نہیں ہو گا، میرے بھائی فضل حکیم خان نے تو صرف چھوٹی سی ان کو دو چار مثالیں دیں ہیں مگر وہ پوری دہشتگردی کی لہر اور وہ معاملات پورے پاکستان نے بھگتے ہیں۔ پھر آپ دیکھتے ہیں کہ اس کے بعد باقی حکومتیں بھی آتی رہیں، ڈرون حملے بھی ہوتے رہے، خودکش حملے بھی ہوتے رہے اور ہمارے اس ایوان کے معزز ممبران بھی ان میں شہید ہوئے جن میں وفاقی، صوبائی وزراء بھی شامل تھے، یہ تمام ادوار ہم نے گزارے ہیں، آپ دیکھتے ہیں کہ پاکستان تحریک انصاف کی جب تک یہ تقریباً یہ ساڑھے تین سال ہماری حکومت تھی وفاقی، تو جناب عمران خان کی اور ان کی گورنمنٹ کی ایسی پالیسی تھی کہ کوئی ایک ڈرون حملہ ہم پہ نہیں ہوا، ہم میں کوئی بدامنی نہیں ہوئی۔۔۔۔

(شور)

Mr. Speaker: Listen, please.

وزیر داخلہ: آپ۔۔۔۔

جناب سپیکر: ڈرون حملے بھی دہشتگردی کی ایک قسم ہے ناں، ڈرون حملہ بھی تو دہشتگردی ہے ناں۔۔۔۔

مشیر داخلہ: جناب سپیکر، میری بہن، آپ مطمئن رہیں، میں بڑے ادب کے ساتھ ساری بات کروں گا۔۔۔۔

ایک آواز: سوال میں جن واقعات کی بات ہے، اس پہ بات کریں۔

مشیر داخلہ: جی، اس کا بھی جواب دوں گا جناب، اس کا بھی جواب دوں گا۔

جناب فضل حکیم خان یوسفزئی:: صبر کریں، صبر، یہ صوبے کا معاملہ ہے، یہ اپوزیشن کا اور حکومت کا معاملہ نہیں ہے، یہ ہم سب کا معاملہ ہے۔

جناب سپیکر: بابر سلیم صاحب، دیکھیں وزیر داخلہ آپ کے اس کا جواب دے رہے ہیں، Please, listen patiently.

مشیر داخلہ: جناب سپیکر، یہ ہمیں تاریخ میں لے کر جا رہے ہیں تو۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ بھی تو تاریخ کے بڑے جھرونکوں میں گھومے ہیں، پیچھے تو وہ بھی تھوڑا سا جانے دیں، ان کو۔

مشیر داخلہ: جناب سپیکر، تو یہ ہماری وفاقی حکومت کی خارجہ پالیسی تھی، ہماری وفاقی حکومت کے دور میں افغانستان آزاد ہوا، امریکیوں کی غلامی جو تھی اس سے اس کو نجات ملی اور طالبان حکومت وہاں قائم ہوئی۔ پھر یہ جو Regime Change Operation ہوا، جو بڑا زیر بحث بھی ہے تمام حلقوں میں، اس پہ بات نہیں کرتا، اس کے نتیجے میں آپ کی پالیسی میں Drift آیا، جب آپ کی خارجہ پالیسی میں Drift آتا ہے تو پھر آپ کے صوبے بھی اس سے متاثر ہوتے ہیں، آپ نے مذاکرات کئے وہاں بیٹھ کر، ہم نے مذاکرات نہیں کئے، تو جب ایسی باتیں ہوتی ہیں اور آپ کے انٹرنیشنل بارڈرز پر ہمارے صوبے میں پہلے ایک Buffer (Zone) قائم تھا، پھر جب یہ Newly Merged Districts جو ہمارے ساتھ شامل ہوئے ہیں تو ہماری پولیس کی ذمہ داری اور ہمارے اندر، ہمارے اداروں کی ذمہ داریاں بڑھ گئیں، ہم تو انٹر نیشنل بارڈر تک چلے گئے ہیں، پہلے ہمارے درمیان ایک Buffer (Zone) وہ قائم تھا، یہ میں اس لئے بڑے ٹھنڈے مزاج سے باتیں کر رہا ہوں کہ ہم نے ایک دوسرے کو نیچا نہیں دکھانا ہے، ہم نے چیزوں کو حقیقت کے ساتھ دیکھنا ہے کہ کل کیا صورتحال تھی اور آج کیا صورتحال ہے؟ آج اللہ کا فضل و کرم ہے آج وہ صورتحال نہیں ہے، آپ دیکھتے ہیں کہ سوات میں معاملات ہوئے تو سوات کے لوگ اور حکومت ایک ساتھ اٹھ کر کھڑی ہو گئے تو پھر لوگوں کو سوات چھوڑ کر جانا پڑا، انہیں بھاگنا پڑا، دیر میں ہوا، ہمارا بھائی جناب ملک لیاقت علی یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، سب سے پہلا حملہ ان پہ ہوا جس میں ان کے بچے، بھائی، بھتیجے شہید ہوئے، ہمارے پولیس اہلکار شہید ہوئے، کہنے کا مطلب یہ ہے کہ ہم میں سے کوئی بھی اس خیبر پختونخوا کے اندر نہ مرد اور نہ عورت، کوئی نہیں ڈرتا کسی سے، ہم سارے پہلے بھی یکجا تھے آج بھی یکجا ہیں، ہاں جہاں کمیاں کوتاہیاں ہوں گی، آپ اسے Identify کریں گے، ہمارا کام ہے اس کو دور کرنا۔ اب جو پختون یار کی بات تھی، آج صبح بھی میں سپیشل سیکرٹری صاحب سے ملا تھا اسی ضمن میں، پختون یار خان، ان کو میں نے کہہ دیا، ابھی بھی یہاں ہوم سے کوئی بیٹھا ہوا ہے، ہاں سپیشل سیکرٹری صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، سپیشل سیکرٹری ون، میں یہاں سے ان کو ڈائریکشنز دیتا ہوں کہ اس کی فل انکوائری کریں ہوم کے Through اور Within three days اس کی مجھے رپورٹ دیں اور جو ناجائز پرچے کاٹے گئے ہیں، ان کو فی الفور جو لوگوں پہ ہیں، ختم کریں، ہم لوگوں کو سہولت دینے کے لئے ہیں، ہم ان پہ پرچے

کاٹنے کے لئے نہیں ہیں اور جب آپ نے یہاں بات کی ہے پختون یار خان، آپ لوگوں کے نمائندہ ہیں، لوگوں نے آپ کو بھیجا ہے، ہم یہ چاہتے ہیں کہ چوکوں میں بھی وہی بات ہے، آپ ایک نمائندے کی حیثیت سے بات کریں گے تو ان شاء اللہ وتعالیٰ اس پہ پوری طرح عمل اور درآمد ہوگا۔ سردار یوسف صاحب نے کہا کہ کمیٹی بنائیں جی، ہم کمیٹیاں بھی بنالیں گے، اگر ہمارے اداروں کے اندر کوئی کمی ہے، یہ ہماری شہادتیں، ہمارا دہشتگردوں کے ساتھ مقابلہ، جب آپ کسی بھی اس میں جاتے ہیں، آپ کا Porous border ہے، یہ Humanly possible نہیں ہے کہ تیرہ سو کلومیٹر کی، ٹھیک ہے آپ نے باڑھ لگالی ہے، کیا ہماری فوج کے جوان شہید نہیں ہو رہے ہیں، کیا وہ ہماری حفاظت نہیں کر رہے ہیں؟ سب کچھ ہو رہا ہے، یہاں پوائنٹ سکورنگ نہ آپ کریں، نہ ہم کریں گے، یہ آپ کی جانیں بھی ہیں، یہ ہماری جانیں بھی ہیں، ہمارے بچوں کی، ہماری بچیوں کی، ہماری ماؤں اور ہماری بہنوں کی جانیں ہیں، اس سے وابستہ ہیں، ہمارے اس علاقے کا مستقبل اس سے وابستہ ہے، اسی پوائنٹ سکورنگ نے اور ایک دوسرے کے کپڑے اتارنے نے ہمیں یہاں پر لا کے کھڑا کر دیا ہے کہ جو کچھ ہو رہا ہے وفاق میں اور ادھر ادھر، کبھی کیا Videos release ہو رہی ہیں اور کبھی کیا بنا کر Release کر رہے ہیں، یہ ہمارے اس کا فائدہ اٹھاتے ہیں، خدارا اس صوبے کا سوچیں، اس مملکت خداداد پاکستان کا سوچیں، اس کے لوگوں کا سوچیں، جو کوئی اچھی تجویز آپ لائیں گے، ہم ان شاء اللہ ویلکم کریں گے، آپ کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں گے، کسی ہمارے ڈیپارٹمنٹ میں کوئی کمی ہوگی، ہم اسے بھی دور کریں گے۔ Thank you very much, Sir.

<u>جناب سپیکر</u>: Thank you very much، ایسا کرتے ہیں کہ کوئسچنز آور کو آج Defer کرتے ہیں کیونکہ بہت زیادہ ٹائم گزر گیا اور کچھ اور ضروری امور ہیں، ان پہ آتے ہیں اور چیزوں پہ آتے ہیں، صرف کوئسچنز آور کو Defer کرتے ہیں۔

<u>جناب پختون یار خان</u>: جناب سپیکر، میں نے جن چیزوں پہ بات کی تھی، وہ تو۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: پختون یار، بہت ٹائم ہوگیا ناں، پلیز، پلیز۔ نہیں سوالاً جواباً بات نہ کریں ناں، پلیز، آپ تشریف رکھیں، آپ پلیز، تشریف رکھیں، اپنی نشست پہ، ابھی میں نے کسی کو ٹائم نہیں دینا، پلیز، میں Accordingly چلونگا بس، ان شہداء کے لئے، پولیس کے شہداء کے لئے کوئی، مفتی صاحب کدھر ہیں؟

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: جناب سپیکر، میں کرا دیتی ہوں۔

جناب سپیکر: نہ آپ کی دعا نہیں ہوتی، شوکت یوسفزئی صاحب دعا کروائیں جی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب مجھے ایک دو منٹ کے لئے بات کرنے دیں تو۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں دیتا ہوں آپ کو، صرف تھوڑی سی لیجسلیشن میں کر لوں، یہ تو Short Introductionہے، یہ کونسیجنز آور میں نےDeferکیا ہے۔

Do you agree? You permit? Okay.

اراکین کی رخصت

Mr. Speaker: Leave Applications: Janab Inayatullah Khan, MPA, for two days; Ms. Asia Khattak Sahiba, for eleven days; Faisal Amin Khan Sahib, for today; Qalandar Lodhi Sahib, for today; Maria Fatima Sahiba, for today; Laiq Muhammad Khan Sahib, for today; Nawabzada Farid Salahuddin Sahib, for today; Sahibzada Sanaullah Sahib, for two days; Janab Iftikhar Mashwani Sahib, for today; Syed Fakhar Jahan, for today; Azizullah Khan Sahib, for today; Muhammad Naeem Khan Tanoli Sahib, for today; Mehmood Ahmad Betani Sahib, for today; Aisha Bibi Sahiba, for today; Obaid ur Rehman Sahib, for today; Arif Ahmadzai Sahib, for today. Is this the desire of the House that leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: Leave is granted.

یہ پچھلا جو سیشن تھا چودہ تاریخ کو، 14/11، اس میں کورم نہ ہونے کی وجہ سے پھر شاید کارروائی نہیں چلی تو اس کی بھیLeave Applicationsہیں۔

Janab Anwar Zeb Khan, for 14th November; Fazal Shakoor Khan, for 14th November; Shahram Khan Tarakai, 14th November; Muhammad Naeem Khan, 14th November; Sardar Aurangzeb Nalotha Sahib, 14th November; Ms. Nadia Sher Sahiba, 14th November-----

(Interruption)

جناب سپیکر: میں 14نومبر کی بات کر رہا ہوں، آج Fourteen ہے؟ آج کیا تاریخ ہے؟ یہ جو پچھلے اجلاس میں آپ نہیں تھے۔

Janab Abdul Karim Khan Sahib, for 14th November; Sardar Yousaf Sahib, for 14th November; Muhammad Riaz Khan, for 14th November; Sardar Ranjeet Singh, for 14th November; Mohibullah

Khan Sahib, for 14th November; Zahir Shah Toru Sahib, for 14th November.

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: Leave is granted.

خیبر پختونخوا رائٹ ٹو پبلک سروسز (ترمیمی) بل مجریہ 2022 کا پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Item No. 8. Introduction of the Khyber Pakhtunkhwa, Right to Public Services (Amendment) Bill, 2022: The Minister for Parliamentary Affairs, to please introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Right to Public Services (Amendment) Bill, 2022, in the House. Shaukat Ali Yousafzai Sahib.

Mr. Shaukat Ali Yousafzai (Minister for Labour and Culture): Thank you, Mr. Speaker Sahib. On behalf of Chief Minister, I introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Right to Public Services (Amendment) Bill, 2022, in the House.

Mr. Speaker: The Bill stands introduced.

ریگولرائزیشن آف سروسز آف پراجیکٹ ایمپلائز آف ڈائریکٹوریٹ جنرل لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈیویلپمنٹ (ایکسٹنشن) آف ارسٹ وائل فیڈرلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریا بل 2022 کا ایوان میں پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Item No. 9: The Minister for Agriculture, to please introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Regularization of Services of Project Employees of the Directorate General Livestock and Dairy Development (Extension) of Erstwhile Federally Administered Tribal Areas Bill, 2022, in the House. Shaukat Yousafzai Sahib.

Minister for Labour & Culture): On behalf of the honourable Minister for Agriculture Livestock Fisheries and Cooperation, I introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Regularization of Services of Project Employees of the Directorate General Livestock and Dairy Development (Extension) of Erstwhile Federally Administered Tribal Areas Bill, 2022, in the House.

Mr. Speaker: The Bill stands introduced.

مسودہ قانون خیبر پختونخوا بابت وزراء (تنخواہیں، مراعات واستحقاقات) (دوسری ترمیم) مجریہ 2022 کا پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Item No. 10: The Minister for Parliamentary Affairs, to please introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Ministers (Salaries, Allowances and Privileges) (Second Amendment) Bill, 2022, in the House.

Minister for Labour: Janab Speaker, on behalf of the honourable Chief Minister, I introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Ministers (Salaries, Allowances and Privileges) (Second Amendment) Bill, 2022, in the House.

Mr. Speaker: The Bill stands introduced.

یہ Ten number تھا، ابھی آگے ہم Eleven number-----

Voices: NRO, NRO.

جناب سپیکر: کس بات کا این آر او؟

(شور اور NRO کی آوازیں)

آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی خیبر پختونخوا آڈٹ رپورٹ برائے سال 22-2021 آن اکاؤنٹس آف کلائمنٹ چینج، انوائرنمنٹ اینڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ آرگنائزیشن آف گورنمنٹ خیبر پختونخوا کا پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Items No. 11 and 12-----

(Pandemonium)

Mr. Speaker: 11 and 12: Items No. 11 and 12 may be deferred, as requested by the honourable Minister, hence, the items No. 11 and 12 are deferred on the request of the concerned Minister. Item No. 13: Honourable Minister for Finance, to please lay report of the Auditor General of Pakistan on account of Climate Change, Environment and Disaster Management Organization of Government of Khyber Pakhtunkhwa for the audit year 2021-22, in the House.

Mr. Shaukat Ali Yousafzai (Minister for Labour): Mr. Speaker Sahib, I, on behalf of the Finance Minister, hereby lay the report of the Auditor General of Pakistan on account of Climate Change, Environment and Disaster Management Organization of the

Government of Khyber Pakhtunkhwa for the audit year 2021-22, in the House.

Mr. Speaker: It stands laid.

آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی خیبر پختونخوا آڈٹ رپورٹ برائے سال 2021-22 آن اکاؤنٹس آف کلائمنٹ چینج، انوائرنمنٹ اینڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ آرگنائزیشن آف گورنمنٹ خیبر پختونخوا کا کمیٹی کے سپرد کیا جانا

Mr. Speaker: Item No. 14: Honourable Minister for Finance, to please move the report of the Auditor General of Pakistan on account of Climate Change, Environment and Disaster Management Organization of the Government of Khyber Pakhtunkhwa for the audit year 2021-22 may be referred to the Public Accounts Committee.

Minister for Labour: Mr. Speaker Sir, I, on behalf of the Finance Minister, intend to move that the report of the Auditor General of Pakistan on account of Climate Change, Environment and Disaster Management Organization of the Government of Khyber Pakhtunkhwa for the audit year 2021-22, as laid in the House, may be referred to the Public Accounts Committee for examination.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the report of Auditor General of Pakistan on account of Climate Change, Environment and Disaster Management Organization of the Government of Khyber Pakhtunkhwa for the audit year 2021-22 may be referred to the Public Accounts Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes'.

ذرا اونچا بولتے جائیں، یہ تو آپ ہی اونچا بولیں گے 'Yes' کہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی میں جائے۔

And those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The "Ayes" have it. The report is referred to the Public Accounts Committee. 'Privilege Motion': Item No. 5 may be deferred, as requested by the concerned MPA.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، میرا ایک کال اٹنشن بھی ہے۔

جناب سپیکر: ایک منٹ دیتے ہیں، تھوڑا سا یہ مجھے کام ختم کرنے دیں، ایڈ جرنمنٹ موشنز، اچھا آگیا، اس سے پہلے آپ بات کر لیں، پھر ایڈ جرنمنٹ موشنز پہ آ جاتے ہیں، میر کلام آئے ہوئے ہیں، میر کلام نہیں آئے ہوئے۔

Adjournment Motion, Ms. Maliha Ali Asghar Khan, MPA, to please move her adjournment motion No. 457, in the House. On behalf of کوئی کرے گا یا نہیں؟ جی۔

Ms. Sajida Haneef: Point of order.

جناب سپیکر: جی، ساجدہ حنیف صاحبہ۔

Ms. Sajida Haneef: Point of order.

جناب سپیکر: وہ دیتے ہیں پوائنٹ آف آرڈر، پہلے تھوڑا سا کام کر لیں۔

محترمہ ساجدہ حنیف: مائیک On، مائیک On کر دیں، .Okay, thank you میں معذرت کے ساتھ اپنے جے یو آئی کے جتنے ممبران ہیں، میں ان کی بہت عزت کرتی ہوں اور یہ پوائنٹ آف آرڈر پہ میں یہ کہنا چاہ رہی ہوں کہ پاکستان میں خواتین کی تعداد تقریباً باون (52) فیصد خواتین کی تعداد ہے-----

جناب سپیکر: دیکھئے آپ-----

محترمہ ساجدہ حنیف: پاکستان کی آبادی کا نصف حصہ ہیں خواتین-----

جناب سپیکر: وہ نہیں، میری بات سنیں۔

محترمہ ساجدہ حنیف: اگر پاکستان کی خواتین کو، پاکستان کی خواتین کو-----

جناب سپیکر: میری بات سنیں ساجدہ بی بی، ساجدہ بی بی، ساجدہ بی بی، آپ نے ملیحہ علی اصغر کی ایڈ جرنمنٹ موشن پیش کرنا تھی، جی، پوائنٹ آف آرڈر میں دیتا ہوں لیکن پہلے یہ چیز تو کریں ناں، جو انہوں نے کہا کہ ساجدہ حنیف پیش کرے گی، یہ نہیں ہے، ملیحہ کی تو Deferred، جی ساجدہ حنیف صاحبہ۔

محترمہ ساجدہ حنیف: ان کی جگہ نہیں بول رہی ہوں، میں اپنا پوائنٹ آف آرڈر، دیکھیں جی، پاکستان کی آدھی آبادی کو، پاکستان کی آدھی آبادی کو پاکستان کی سیاست سے خارج کر دینا کوئی اچھی روایت نہیں ہے، آدھی آبادی کی حوصلہ شکنی کرنا-----

جناب سپیکر: دیکھیں، ایک دوسرے کی بات تو سنیں، پلیز۔

محترمہ ساجدہ حنیف: آدھی آبادی کو پاکستان کی سرگرمیوں سے ہٹا کر-----

جناب سپیکر: ایک دوسرے کی بات تو سنیں۔

محترمہ ساجدہ حنیف: یہ اچھی بات نہیں ہے، میں اتنی بڑی آبادی کے بارے میں جناب مولانا فضل الرحمان صاحب نے جو الفاظ ادا کئے ہیں، اسے Condemn کرتی ہوں، ہم سب خواتین کی برداشت سے باہر ہے، (تالیاں) پہلے انہوں نے اس سے پہلے بھی انہوں نے کہا تھا کہ خواتین یہ جو تتلیاں ہیں، تتلیوں کے لئے ہم زمین اتنی گرم کر دیں گے کہ ان کی برداشت سے باہر ہو جائے گا، حالیہ بیان میں انہوں نے دو باتیں کی ہیں، پہلی بات یہ کہ ہمارے چیئرمین کے بارے میں انہوں نے کہا ہے کہ نوجوان لڑکیاں کہتی ہیں کہ میرا جی چاہتا ہے کہ کب وہ میرے بیڈ روم میں آئیں گے۔ دوسری بات، دوسری بات یہ ہے کہ انہوں نے کہا کہ ہماری ماؤں کے ساتھ بھی اگر یہ کچھ کریں تو تب بھی ہم ان کا ساتھ نہیں چھوڑیں گے۔ میں نے اس میں وہ لفظ حذف کر دیا ہے جو انہوں نے Actually بیان کیا تھا، پاکستان کی تمام خواتین کی طرف سے میں اس رویہ کو Condemn کرتی ہوں، مولانا صاحب ہمارے لئے قابل احترام ہیں لیکن اگر وہ تمام حدود احترام کی پھلانگتے ہیں تو مجھے بہت افسوس ہوتا ہے اس بات پہ، ان کو معذرت کرنی چاہیئے، میں سمجھتی ہوں۔

(اس مرحلہ پر حزب اقتدار کی خواتین اراکین واک آؤٹ کر گئیں)

جناب سپیکر: تھینک یو، تھینک یو، پلیز تشریف رکھیں ناں، جا کدھر رہی ہیں؟ ابھی بزنس رہتا ہے، اپوزیشن، پلیز تشریف رکھیں، پلیز، پلیز تشریف رکھیں، ان کا پوائنٹ آف آرڈر تھا، وہ ہو گیا۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر۔۔۔۔

جناب سپیکر: پوائنٹ آف آرڈر تھا ان کا، ہو گیا، تشریف رکھیں، پوائنٹ آف آرڈر ہو گیا ناں، ریزولیوشن تو نہیں ہے، پوائنٹ آف آرڈر ہے No resolution، پوائنٹ آف آرڈر تھا، پوائنٹ آف آرڈر تھا، پوائنٹ آف آرڈر تھا، بابک صاحب، بابک صاحب، پوائنٹ آف آرڈر تھا It was not resolution ریزولیوشن نہیں تھی، پوائنٹ آف آرڈر تھا، تشریف رکھیں، تشریف رکھیں، چلیں جی اکبر ایوب، اکبر ایوب خان، اپنی ریزولیوشن پیش کریں، آپ تشریف رکھیں، دے دیتا ہوں، وہ بات ختم ہو گئی ہے، میرے خیال میں اس کو نہ چھیڑیں۔ جی بابک صاحب، بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: آدھا منٹ، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر۔
جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وثقافت): ان کو دے دو۔
جناب سردار حسین: میں آدھا منٹ، آدھا منٹ میں کرتا ہوں۔
جناب سپیکر: چلیں بابک صاحب کے بعد، بابک صاحب کے بعد آپ بات کر لیں، بابک صاحب نے آدھا منٹ مانگا ہے، اس کے بعد آپ لے لیں۔
جناب سردار حسین: جناب سپیکر، جناب سپیکر، نہیں نہیں، ایک منٹ میرے بھائی، ایک منٹ، آپ کے اچھے جذبات کا میں احترام کرونگا لیکن میں ایک میسج میں، وہ کیوں وقت ضائع کر رہے ہو یار، جناب سپیکر،۔۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر اراکین اسمبلی بات کرنے کے لئے کھڑے ہو گئے)

ایک آواز: وو وو خبره کوه۔
جناب سردار حسین: جناب سپیکر، جناب سپیکر، جناب سپیکر کښېنه مړه، اوس بیا، اوس ماته ترے مسئله جوړوے نو جناب سپیکر، جناب سپیکر، آپ، جناب سپیکر، آپ کو جی۔
جناب سپیکر: House in order, please نلوٹھا صاحب، تشریف رکھیں ناں، House in order, please فیصل تشریف رکھیں، پلیز۔
جناب سردار حسین: جناب سپیکر، جناب سپیکر، یہ اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے، پختونخوا اسلامی جمہوریہ پاکستان کا ایک Federating unit ہے، مجھے مجھے، اگر کوئی ادھر اسمبلی کا ممبر ہے۔۔۔۔۔
جناب سپیکر: شوکت یوسفزئی صاحب، جو خواتین واک آؤٹ کر کے گئی ہیں، ان کو آپ واپس لائیں جی۔
جناب سردار حسین: جناب سپیکر، جناب سپیکر، یہ اس ملک کو بھی آئین پہ چلنا چاہیئے اور اسی اسمبلی کو بھی آئین پہ چلنا چاہیئے، ساری دنیا ہمیں دیکھ رہی ہے، دیکھیں مجھے موت کی دھمکی مل رہی ہے لیکن آپ کو اتنی توفیق نہیں ہو رہی ہے کہ آپ مجھے دس منٹ سن لیں، میں یہ بھی دیکھ رہا ہوں کہ آپ Custodian of the House ہیں لیکن آپ آئین کی Violation کر رہے ہو، آئین کے آرٹیکل، ہاں Oath پہ میں آتا ہوں، جو ایک آئینی تقاضا ہے، ہم دیکھ رہے ہیں، سپیکر کو Constitutionally اپنی پارٹی کے اجلاس میں نہیں جانا چاہیئے، پبلک کو Politically address نہیں کرنا چاہیئے لیکن ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ آپ

اسلام آباد میں، جب عمران خان کے اقتدار کے لئے دھاوا بولنے کے لئے جمگھٹے جا رہے ہیں، آپ لوگوں کو اکٹھے کر رہے ہیں کہ اتنی گاڑی، آپ اگر مجھے ٹائم نہیں دیں گے تو میں آج ایک ضروری بات پہ آتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر</u>: بابک صاحب، میری ایک عرض سن لیں، ایک عرض سن لیں۔

<u>جناب سردار حسین</u>: آپ ہمیں بتائیں ناں، جب میں ختم کر دوں۔

<u>جناب سپیکر</u>: میں جب ہاؤس میں ہوں تو یہاں میری کوئی اور پوزیشن ہے، ہاؤس سے باہر میری اپنی مرضی ہے، اب آپ کی اپنی۔۔۔۔

<u>جناب سردار حسین</u>: آپ باہر بھی سپیکر ہو، آپ آئین میں بتاؤ۔

(اس موقع پر جناب ہمایون خان بات کرنا چاہ رہے تھے، مگر سپیکر صاحب نے اجازت نہیں دی)

<u>جناب سردار حسین</u>: سپیکر صاحب، ٹائم میں نہیں دیتا ہوں، وہ دیتا ہے، اس نے مجھے فلور دیا ہے، میں بتانا چاہتا ہوں، میں آج بتانا چاہتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر</u>: ان کے بعد آپ بات کر لینا، بابک صاحب کے بعد آپ بات کر لیں، بابک صاحب کے بعد آپ کر لیں، After بابک صاحب آپ کر لینا، ابھی فلور ان کے پاس ہے، اس کے بعد آپ لے لیں۔ جی بابک صاحب۔

<u>جناب سردار حسین</u>: جناب سپیکر، مجھے خود بھی نہیں اچھا لگتا کہ ہم تیز الفاظ میں اور تیز انداز میں بات کر لیں لیکن آپ لوگوں نے ہمیں مجبور کیا، مجبور، ھاں په تيزه ئے وايه چې زه ئے اورم۔

<u>ایک اواز</u>: وايه كنه۔

<u>جناب سردار حسین</u>: وايم چې په تيزه وايه زه ئے اورم۔ جناب سپیکر، آپ لوگ ہمیں مجبور کر رہے ہو، مجبور کر رہے ہو، آپ اسی Oath کی خلاف ورزی کر رہے ہو، آپ نے ایک انتہائی اہم نکتے کو چھوڑ کر Political scoring کے لئے وہاں پہ اجازت دے دی Political scoring کے لئے، ہاں ان کا حق ہے، میرا بھی اگر حق ہے کہ آپ میری ریکویسٹ پہ Rule relax کر لیں، اس کا بھی حق ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: یہ ریزولیوشن نہیں تھی، یہ پوائنٹ آف آرڈر تھا، جیسے یہاں سے آپ لے لیتے ہیں وہاں سے انہوں نے لے لیا۔

جناب سردار حسین: تو آپ مجھے Complete کرنے دو گے تو آپ کو سمجھ آ جائے گی نا، لیکن بد قسمتی یہ ہے کہ آپ کا تعلق بھی اس انتشار والی پارٹی سے ہے، یہ تو ہماری بد قسمتی ہے، ورنہ میں تو اس اسمبلی میں پچھلے تین Tenure سے موجود ہوں، اسمبلی کا ریکارڈ آپ اٹھائیں، ہم کبھی جذباتی نہیں ہوتے ہیں۔

جناب کامران خان بنگش (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): جناب سپیکر!

جناب سردار حسین: آپ اس کے * + ہو، آپ اس کے * + ہو، آپ اس کے ہو، آپ * + ہو اس کے، آپ قانون پڑھو۔

جناب سپیکر: یہ الفاظ میں Expunge کرتا ہوں، یہ الفاظ Expunge کرتا ہوں، کوئی یار یہ۔۔۔۔۔

جناب سردار حسین: سیاست سمجھو، ادب سے بات کرنا، آرام سے بیٹھو، میں آپ سے بات کر رہا ہوں؟۔۔۔۔

(شور)

جناب سردار حسین: میں آپ سے بات نہیں کر رہا ہوں۔۔۔۔

(شور)

جناب سردار حسین: سمجھنے کی کوشش کرو۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی لیاقت، لیاقت۔

(شور)

جناب سردار حسین: سمجھنے کی کوشش کرو۔

(شور)

جناب سردار حسین: سمجھنے کی کوشش کرو۔

(شور)

جناب سپیکر: جی لیاقت۔

(شور)

جناب سردار حسین: آرام سے بیٹھو۔

---

* بحکم سپیکر حذف کیے گئے۔

(شور)

Mr. Speaker: Order in the House; order in the House.

جناب سردار حسین: ان کو سمجھاؤ۔

(شور)

Mr. Speaker: Order in the House.

جناب سردار حسین: سمجھاؤان کو۔

(شور)

Mr. Speaker: Order in the House.

جناب سردار حسین: یہ آپ کے وکیل ہیں۔

(شور)

Mr. Speaker: Order in the House.

جناب سردار حسین: یہ آپ کے وکیل ہیں۔

(شور)

Mr. Speaker: Order in the House.

جناب سردار حسین: یہ وکیل ہیں آپ کے۔

(شور)

ایک آواز: دا اوتړئ، دا اوتړئ، دا اوتړئ۔

(شور)

جناب سردار حسین: میں ہوں،آپ وکیل ہو۔

ایک آواز: تمیز سے بات کرو۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر۔

(شور)

جناب سپیکر: جی بابک صاحب، نثار خان، تشریف رکھیں، نثار خان صاحب۔

جناب سردار حسین: کښېنه کښېنه۔

جناب سپیکر: نثار خان،پلیز تشریف رکھیں۔

(شور)

جناب سردار حسین: کښېنه، کښېنه کښېنه۔

جناب سپیکر: نثار خان مہمند، پلیز تشریف رکھیں۔

(شور)

جناب سردار حسین: نثاره! کښېنه کښېنه۔

جناب سپیکر: نثار خان، اپنی نشست پہ جائیں، اپنی نشست پہ جائیں، پلیز پلیز۔

جناب سردار حسین: یا هلکه! پته به اولګی۔

Mr. Speaker: Order in the House, please.

جناب سردار حسین: دا داسې نه ده۔

Mr. Speaker: Order in the house, please.

جناب سردار حسین: دا به پته اولګی اوس، مونږ تیار راغلی یو اوس۔

جناب سپیکر: جی لیاقت۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وثقافت): غله۔

جناب سردار حسین: یا هلکه!۔۔۔

جناب سپیکر: کامران۔

(شور)

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب۔۔۔۔

وزیر محنت وثقافت: غلو۔

(شور)

جناب سردار حسین: او ئے نیسه کنه۔۔۔۔

وزیر محنت وثقافت: غله۔

(شور)

جناب سردار حسین: ستا حکومت نه دے۔۔۔۔

وزیر محنت وثقافت: غله۔

(شور)

Mr. Speaker: The sitting is adjourned till tomorrow, 2.00 pm, afternoon, Tuesday, 6th December, 2022.

(اجلاس بروز منگل06دسمبر2022ء بعداز دوپہر دو بجے تک کے لئے ملتوی ہوگیا)